بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن بہاول پور۔

شیڈول انٹرمیڈیٹ امتحانات

مورخہ 12-09-2017

عنوان: انٹرمیڈیٹ و علوم السنہ شرقیہ سپلیمنٹری امتحانات 2017ء کے آن لائن داخلہ فارم ، فیس اور ہارڈ کاپی کی وصولی کا شیڈول

مطلع کیاجاتا ہے کہ پنجاب بورڈز کمیٹی آف چیئرمین سے موصولہ مراسلہ نمبر No.800-SY/PBCC/LHR نمبر **22** /میٹنگ مورخہ 06-09-2017 کے مطابق بہاول پور بورڈ کے زیراہتمام انٹرمیڈیٹ و علوم السنہ شرقیہ سپلیمنٹری امتحانات 2017ء کا انعقاد **مورخہ 21۔اکتوبر 2017ء بروزہفتہ** سے ہوگا۔اس امتحان میں شامل ہونے والے جملہ امیدواران کے داخلہ فارم آن لائن کرنے اور داخلہ فارم کی ہارڈ کاپی وداخلہ فیس کے بنک چالان کی بورڈ ہذا میں وصولی کا شیڈول درج ذیل ہے:۔

نمبرشمار	شیڈول	تاریخ
1	آن لائن داخلہ فارم،فیس اور ہارڈ کاپی ارسال کرنے کی بغیر لیٹ فیس کے آخری تاریخ۔	27-09-2017
2	آن لائن داخلہ فارم،فیس اور ہارڈ کاپی ارسال کرنے کی دوگنا فیس کے ساتھ آخری تاریخ۔	03-10-2017
3	آن لائن داخلہ فارم،فیس اور ہارڈ کاپی ارسال کرنے کی تین گنا فیس کے ساتھ آخری تاریخ۔	06-10-2017

الف۔ داخلہ فیس،پروسیسنگ فیس اور سرٹیفکیٹ فیس کی شرح

تفصیل	انٹرمیڈیٹ۔سنگل پارٹ ریگولر	انٹرمیڈیٹ۔سنگل پارٹ پرائیویٹ	پارٹ فرسٹ اینڈ سیکنڈ (کمپوزٹ) ریگولر	پارٹ فرسٹ اینڈ سیکنڈ (کمپوزٹ) پرائیویٹ
سائنس گروپ یاایسے مضامین جن میں عملی امتحان ہو	800	900	1600	1800
آرٹس گروپ یاایسے مضامین جن میں عملی امتحان نہ ہو	750	800	1500	1600
پروسیسنگ فیس	400	400	400	400
سرٹیفکیٹ فیس (صرف ایک مرتبہ)	550	550	550	550

ب۔ علوم السنہ شرقیہ(ادیب/عالم/فاضل)

داخلہ فیس	پروسیسنگ فیس
-/900 روپے	-/400 روپے

ضروری تاکید/ہدایات برائے سربراہان تعلیمی ادارہ جات /پرائیویٹ امیدواران۔

(1) انٹرمیڈیٹ سپلیمنٹری امتحان **2017**ء میں صرف ایسے امیدواران شامل ہو سکتے ہیں جو اس سال سالانہ امتحان **2017**ء میں شامل ہونے کے بعد ناکام ہوئے ہوں یا ایسے امیدواران جن کے چانس باقی ہوں۔واضح رہے کہ کوئی امیدوار پہلی دفعہ (فریش) سپلیمنٹری امتحان میں شمولیت کا اہل نہیں ہے۔

(2) اب طلباء و طالبات کہیں سے بھی اپنا داخلہ فارم بورڈ کی ویب سائٹ **www.bisebwp.edu.pk** سے آن لائن کر سکیں گے۔آن لائن داخلہ فارم اور چالان فارم کا پرنٹ آؤٹ لے کر بورڈ کے منظور شدہ یونائیٹڈ بینک میں فیس جمع کروانے کے بعد داخلہ فارم کی ہارڈ کاپی اپنی رہائش کے قریب ترین گورنمنٹ/بورڈ سے الحاق شدہ پرائیویٹ کالج /ہائی سکول کے پرنسپل/ہیڈ ماسٹر سے تصدیق کروا کر **اسسٹنٹ کنٹرولرانٹرمیڈیٹ (امتحانات) ،بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن ،بہاول پور** کو مقررہ تاریخ کے اندر ارسال کرنا ضروری ہے بصورت دیگر امتحان میں شمولیت کے اہل نہ ہوں گے۔

(جاری ہے)

(3) کمپارٹمنٹ کی صورت میں امتحان دینے پر متعلقہ گروپ ﴿سائنس/آرٹس﴾ کی پوری فیس وصول کی جائیگی۔

(4) واضح رہے کہ ایسے امیدواران جو اپنا داخلہ فارم آن لائن کرنے کے بعد اس کی ہارڈ کاپی بمع چالان مقررہ شیڈول کے اندر بورڈ کو ارسال نہیں کریں گے وہ اس وقت تک امتحان میں شامل ہونے کے اہل نہ ہونگے جب تک کہ وہ مقررہ شیڈول کے مطابق بقیہ مجوزہ فیس کی ادائیگی نہیں کر دیتے۔

سیکریٹری

کاپی برائے اطلاع رضروری کاروائی ۔

(1) جملہ سربراہان تعلیمی ادارہ جات (کالجز رہائیر سیکنڈری سکولز رکامرس کالجز)، واقع حدود بہاول پور بورڈ۔

(2) ڈائریکٹر آف ایجوکیشن (کالجز)، بھاول پور ڈویژن، بھاول پور۔

(3) پرنسپل، گورنمنٹ ایلیمنٹری ٹیچرز ٹریننگ کالج، بہاول پور۔

(4) ممبران بورڈ، چیف ایگزیکٹو آفیسر (سیکنڈری) اور ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (کالجز) ضلع بہاول پور، بہاولنگر، رحیم یارخان ۔

(5) ریجنل ڈائریکٹر تعلقات عامہ بہاول پور (برائے اشاعت) ۔

(6) نیوز ایڈیٹر، ریڈیو پاکستان بہاول پور (برائے نشریات)۔

(7) منیجر، UBL بورڈ برانچ (مہربانی فرما کر بورڈ کی حدود میں واقع UBL کی تمام برانچز کو نوٹیفکیشن ہذا سے فوری طور پر آگاہ فرمائیں تا کہ شیڈول اور مجوزہ شرح کے مطابق داخلہ فیس ودیگر فیس وصول کی جاسکے)۔

(8) داخلی تقسیم رنوٹیفکیشن فائل۔

12/12/17
انچارج میٹنگ